باب 4

جیومیٹری کے بنیادی تصورات

(Basic Geometrical Ideas)

4.1 تعارف (Introduction)

جیومیٹری کی تاریخ بہت قدیم اورگراں قدر ہے۔ انگریزی لفظ جیومیٹری، یونانی لفظ جیومیٹرون سے بنا ہے۔ اس میں جیو (Geo) کا مطلب زمین ہے اور میٹرون (Metron) کا مطلب پیمائش ہے۔ تاریخ دانوں کے مطابق زمانہ قدیم میں غالباً آرٹ، فنِ تعمیر اور پیمائش کی ضروریات کی وجہ سے ہی جیومیٹری کے تصورات شکل پذیر ہوئے۔ اس میں وہ مواقع بھی شامل ہوسکتے ہیں جن میں کھیتی باڑی کی زمین کی حدود کی نشاندہی کرنی ہوتی تھی تاکہ اس میں کسی طرح کی غلطیاں نہ ہوسکیں۔ عالی شان شاہی محلوں، عبادت گاہوں، جھیلوں، باندھوں اور شہروں وغیرہ کی تعمیر اور آرٹ اور واستو کلا میں ان تصورات کی ضرورت ہوتی تھی۔ یہاں تک کہ آج کے زمانے میں بھی ہر طرح کے فن، فن تعمیر، پیمائش، انجینئرنگ اور کپڑوں کے ڈیزائن وغیرہ میں جیومیٹری کے تصورات کی عکاسی ہوتی ہے۔ آپ نے مختلف طرح کی چیزوں کو دیکھا ہوگا اور انھیں استعمال بھی کیا ہوگا جیسے باکس، میز، کتابیں، لنچ باکس، جو آپ اسکول لے کر جاتے ہیں، گیند جس سے آپ کھیلتے ہیں وغیرہ ان تمام چیزوں کی بناوٹیں مختلف ہوتی ہیں۔ اسکیل جو آپ استعمال کرتے ہیں، پنسل جس سے آپ لکھتے ہیں، بالکل سیدھی چیزیں ہیں۔ چوڑی، ایک روپے کا سکہ یا بال وغیرہ گول چیزیں ہوتی ہیں۔

© NCERT not to be republished